پریس ریلیز

آج مورخہ 24 ستمبر 2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے امریکی ایمبیسی کے وفد کی مسٹر کرس (لیگل ایڈوائزر) کی سربراہی میں ملاقات۔

امریکی ایمبیسی کے وفد نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے ملاقات میں امریکی شہریوں کے مقدمات میں اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پیروی کرنے کی درخواست کی جس پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ پاکستان میں موجود تمام غیر ملکی شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیح اور قانونی ذمہ داری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق عصمت دری اور جنسی جرائم کی متاثرہ خواتین کو انصاف دلوانے کے لیے ریاست اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لائے گی۔ امریکی ایمبیسی کے وفد نے 2022 میں امریکی شہری کے ساتھ ڈیرہ غازی خان میں ہونے والے ریپ کے مقدمہ میں قانونی معاونت اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے تعاون کی بھی درخواست کی۔ جس پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے امریکی ایمبیسی کے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ یہ غیر ملکی خاتون شہری کا کیس نہیں ہے بلکہ میرا کیس ہے اور اس کیس کی نگرانی میں خود کروں گا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے وفد کو بتایا کہ انٹی ریپ ایکٹ 2021 کے تحت پورے پنجاب میں سپیشل پراسیکیوٹرز برائے جنسی جرائم تعینات کر دیئے گئے ہیں جو جنسی استحصال کے مقدمات کی پیروی کریں گے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ امریکی خاتون شہری کے مقدمہ میں انٹی ریپ ایکٹ 2021 کے تحت کارروائی کرنے اور ٹرائل جلد مکمل کرنے کے لئے رجسٹرار لاہور ہائی کورٹ لاہور کو بھی مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے امریکی ایمبیسی کے وفد کو امریکی شہریوں کے مقدمات میں قانونی معاونت فراہم کرنے اور انصاف دلوانے کی یقین دہانی کروائی۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)